بسم اللہ الرحمن الرحیم

منقبت

درشانِ امیرالمومنین، ذوالنورین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حبیبِ رحمتِ ﷺ رحمٰن عثمانِ غنیؓ ہیں
سخی ہیں، جامع القرآن عثمانِ غنیؓ ہیں

عطا جن کو ہوئے دو نور پارے مصطفیٰ ﷺ سے
وہ ذوالنورینِ عالی شان عثمانِ غنیؓ ہیں

بشارت دی رسول ﷺ اللہ نے خلعت کی ان کو
امیر و رہبر و سلطان عثمانِ غنیؓ ہیں

ہیں شامل بیعتِ رضواں میں ان کی برکتیں بھی
وقار و عزم کی پہچان عثمانِ غنیؓ ہیں

نفاست میں حلاوت میں مثال ان کی نہیں ہے
شرافت کی بھی روح و جان عثمانِ غنیؓ ہیں

غنا پائی وہ سرکارِ دوعالم ﷺ کی نظر سے
کہ اب عثمان بن عفّان عثمانِ غنیؓ ہیں

پیامِ امن و احساں ان کو آقا ﷺ سے ملا تھا
سو اس پیغام پر قربان عثمانِ غنیؓ ہیں

ورائے عرش بھی مقبول ان کی پارسائی
کہ خود جنت کا بھی ارمان عثمانِ غنیؓ ہیں

فرشتے بھی حیا کرتے ہیں عثمانِ غنی سے
حیا و حلم کی پہچان عثمانِ غنیؓ ہیں

شریعت اور طریقت میں امامِ معتبر ہیں
صفا و صدق کی بھی آن عثمانِ غنیؓ ہیں

ہیں دامادِ نبی اور دوست صدیقؓ و عمرؓ کے
تو یارِ حیدرؓ ذی شان عثمانِ غنیؓ ہیں

حیات ان کی سعادت ہے وفات ان کی شہادت
کچھ ایسے صاحبِ ایمان عثمانِ غنیؓ ہیں

فراواں ہے تو ان کے در پہ ہے دولت یقیں کی
نقیبِ دولتِ ایقان، عثمانِ غنیؓ ہیں

☆

سیّد حامد یزدانی

ٹورانٹو۔(۲۔جمادی الثانی ۱۴۳۵ھ)